صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 28 جون 2021ء بمطابق 17 ذیقعدہ 1442 ہجری بعداز دوپہر دو بجکر چالیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، مشتاق احمد غنی مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔

اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لِرَبِّہٖ لَکَنُوۡدٌ O وَاِنَّہٗ عَلٰی ذٰلِکَ لَشَہِیۡدٌ O وَاِنَّہٗ لِحُبِّ الۡخَیۡرِ لَشَدِیۡدٌ O اَفَلَا یَعۡلَمُ اِذَا بُعۡثِرَ مَا فِی الۡقُبُوۡرِ O وَحُصِّلَ مَا فِی الصُّدُوۡرِ O اِنَّ رَبَّہُمۡ بِہِمۡ یَوۡمَئِذٍ لَّخَبِیۡرٌ۔

(ترجمہ): حقیقت یہ ہے کہ انسان اپنے رب کا بڑا ناشکرا ہے۔ اور وہ خود اِس پر گواہ ہے۔ اور وہ مال و دولت کی محبت میں بری طرح مبتلا ہے۔ کرلے۔ تو کیا وہ اُس حقیقت کو نہیں جانتا جب قبروں میں جو کچھ (مدفون) ہے اُسے نکال لیا جائے گا۔ اور سینوں میں جو کچھ (مخفی) ہے اُسے برآمد کر کے اس کی جانچ پڑتال کی جائے گی؟۔ یقیناً اُن کا رب اُس روز اُن سے خوب باخبر ہو گا۔ و آخرُ الدعوانا أنِ الحمدُ لِلّٰہِ ربِّ العٰلمین۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: Leave applications: جناب ریاض خان صاحب سپیشل اسسٹنٹ، آج کے لئے، جناب شاہ فیصل خان ایم پی اے 28 جون اور 29 جون 2021 کے لئے، سید فخر جہان صاحب ایم پی اے، آج کے لئے، محترمہ سمیرا شمس صاحبہ ایم پی اے، آج کے لئے، جناب نذیر احمد عباسی صاحب ایم پی اے، آج کے لئے، جناب فضل حکیم خان صاحب ایم پی اے، آج کے لئے، جناب انور حیات خان صاحب ایم پی اے، آج کے لئے، سید اقبال صاحب ایم پی اے، آج کے لئے، نوابزادہ فرید صلاح الدین صاحب ایم پی اے، آج کے لئے، جناب بابر سلیم خان ایم پی اے، آج کے لئے، جناب مصور خان صاحب ایم پی اے، آج کے لئے، جناب سردار خان صاحب ایم پی اے، آج کے لئے۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: Leave is granted.

ہشام انعام اللہ خان صاحب کی بھی Leave ہے۔

ضمنی بجٹ برائے مالی سال 21-2020ء پر عمومی بحث

Mr. Speaker: Let we open the debate on supplementary budget; I request honorable Opposition Leader.

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر صاحب! آپ کا بہت بہت شکریہ۔ ضمنی بجٹ سے پہلے میں دو چار باتیں آپ کی وساطت سے کرونگا، پرسوں میں نہیں تھا، میرے ایک دوست عباس آفریدی کی بیٹی کی شادی تھی، اس کے لئے میں گیا تھا، وزیر اعلیٰ صاحب نے اپوزیشن لیڈر کے حوالے سے اسمبلی فلور پر کچھ باتیں کیں، اس دن وہ ہمارے چیمبر میں آئے تھے، ہم نے ان کی جتنی بھی ہو سکتی تھی عزت افزائی کی۔ یہاں پر جب میں آیا تو میں نے اکبر ایوب صاحب کو کہا کہ بجٹ کے حوالے سے میں دو موضوعات پر بات کرونگا، میرا مقصد یہ تھا کہ وہ پھر وزیر اعلیٰ کو بتادینگے۔ میں نے ایک بات یہ کی، چونکہ بجٹ میں زیادہ تر ذمہ داری ایڈیشنل چیف سیکرٹری اور پلاننگ سیکرٹری کی ہوتی ہے، میں شہاب علی شاہ کے بارے میں بات کرونگا۔ دوسری بات میں یہ کرونگا کہ یہاں پر اکبر ایوب صاحب اور ہمارے درمیان تجاوزات کے حوالے سے جو بات ہوئی تھی، اس کے لئے پھر یہ Decision ہوا کہ ہائی کورٹ کے جج کے ذریعے اس کی تحقیقات کریں گے، اس پر پھر 29 مئی کو آپ کے سیکرٹری نے سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کو خط بھی لکھا، جب اکبر ایوب صاحب نے وزیر اعلیٰ سے بات کی تو وہ میرے پاس آئے اور کہا کہ آپ یہ نہ

کہیں میں نے کہا ہے، ہم بجٹ پر ضرور بات کریں گے، بجٹ میں ذمہ داری جس کی بنتی ہے اس پر بھی بات کریں گے، اس نے مجھے ایک بات کی، اکبر ایوب صاحب نے کہا کہ آپ کا جو کمیشن والا مطالبہ ہے وہ ہمیں لیٹ پہنچا ہے، لہذا میں سوموار کو آکر ان شاءاللہ اپنے سیکرٹری سے دستخط کرا کے سی ایم سے بھی دستخط کرونگا، پھر وہ ہم آگے بھیج کر چیف جسٹس کسی جج کی تقرری کرے گا۔ ابھی مجھے اکبر ایوب صاحب نے بتا دیا کہ وہ ہو گیا ہے، میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔۔۔۔۔

<u>ایک رکن</u>: وہ تو بیمار ہے۔

<u>قائد حزب اختلاف</u>: اچھا بیمار ہے، اللہ تعالیٰ ان کو شفا دے۔ دوسری بات یہ ہوئی، چیف منسٹر نے کہا کہ وہ مجھے الگ بتائیں، یہ بات اسمبلی فلور پر نہ کریں، میں نے ان کو الگ بتا دی، ان کو پہنچا دی، یہ ذمہ داری ان کی بنتی تھی کہ وہ مجھے کہتے کہ چیمبر میں آکر اس پر بات کرتے ہیں، اس نے یہ بات کی کہ وہ میرے پاس آ جائیں۔ جناب سپیکر صاحب، نہ میری عمر اس پوزیشن میں ہے کہ میں وزیر اعلیٰ کے پاس جاؤں، نہ میری سیاسی شخصیت اس کے قابل ہے کہ میں اس کے پاس جاؤں، میں نے ساری زندگی محنت کی ہے، اس عمر میں کسی کے پاس میں جانے والا نہیں ہوں، میں نے محنت کی ہے، اس وقت میرے پاس لوگ آتے ہیں، میں نے کبھی کسی کے پاس اس عمر میں جانا نہیں ہے، جب وزیر اعلیٰ کو ضرورت پڑی، میں نے دو سال سے ان کو فون بھی نہیں کیا لیکن ان کو جب ضرورت پڑی تو میرے چیمبر میں ان کو آنا پڑا، یہ اس بات کی دلیل ہے کہ لوگ میرے پاس آتے ہیں، میں کسی کے پاس جانے والا نہیں ہوں۔ میں اس کرسی کا بے حد احترام کرتا ہوں، چونکہ اس کرسی پر میں بھی بیٹھا ہوں، اس پر ہمارے صوبے کے بڑے بزرگ بھی بیٹھے ہیں، ایک آپ کی چیئر ہے، ایک ہے چیف منسٹر کی چیئر پارلیمانی روایات میں آپ کی بھی بہت بڑی عزت ہے اور وزیر اعلیٰ صاحب کی بھی۔ اس نے پھر ایک دو باتیں کیں، مجھے عجیب سا لگا کہ اس نے کس طرح یہ باتیں کیں، مجھے یہ باتیں زیب نہیں دیتی، بجٹ پر ہم کیوں باتیں کر رہے ہیں؟ ہم غلطیوں کی نشاندہی کرتے ہیں، کرپشن کی بھی نشاندہی کرتے ہیں، نااہلی کی بھی نشاندہی کرتے ہیں۔ پلاننگ ڈیپارٹمنٹ چونکہ وزیر اعلیٰ کے پاس ہے، مجھے خوشدل خان صاحب نے بھی کہا کہ آج شکر ہے وزیر اعلیٰ صاحب موجود ہیں، وہ بجٹ پر ہمیں خود جواب دینگے لیکن جب میں نے بات نہیں مانی تو وہ باہر نکل گئے اور چلے گئے۔ یہاں پر ایک بات انہوں نے کی، مجھے اس بات کا بہت افسوس ہوا، وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے اگر میں یہاں پر ہوتا تو ماحول کچھ اور ہوتا۔ جناب سپیکر صاحب، یہ ہمیں ڈرانے کی باتیں کرتے ہیں، اس عمر میں اور اس پوزیشن

میں کوئی ہمارے بارے میں سوچتا ہے کہ میں ڈر جاؤں، یہ وہ حالات ہوتے ہیں، میں آپ کے توسط سے بتارہا ہوں کہ جانی خیل میں سنگین حالات ہیں، لوگ مر جائیں گے، مجھے یہاں پر منسٹر صاحب نے کہا کہ وہ ذاتی مسئلہ ہے، اس آدمی کے بارے میں میں نے کہا، میں نے آپ کو یہ باتیں پہنچانی تھیں، اس کے بعد وزیر اعلیٰ صاحب نے یہ بھی کہا کہ پختون روایات میں یہ نہیں ہے، میں وزیر اعلیٰ سے یہ بات پوچھتا ہوں کہ پختون روایات میں یہ ہے کہ باپ کا جنازہ اٹھاتے ہوئے بیٹے، بھائی، چچا اور رشتہ داروں پر شیلنگ ہو، یہ ہماری پختون روایات ہیں؟ اس پر جو چار لوگ مر جائیں، شہید ہو جائیں، یہ ہماری روایات ہیں؟ جب یہاں آپ سے تھوڑی سی تلخ کلامی ہوئی اور وہ چیمبر میں بیٹھے تھے، اس نے دو تہائی اکثریت لی، یہ پختون روایات میں ہے کہ انہوں نے نگہت اورکزئی کو تھپڑ لگایا، کبھی کسی پختون روایات میں کسی نے خاتون کو تھپڑ مارا ہے؟ یہاں پر مجھے کسی نے کہا کہ تقریر پر کل بیوروکریٹس بھی تالیاں بجاتے تھے، ویڈیو میرے پاس آئی ہے، میں نے بیوروکریٹس کی جتنی عزت کی ہے اس صوبے میں کسی چیف منسٹر نے نہیں کی ہے، آپ میرے ساتھ تھے لیکن کچھ اس طرح کے لوگ ضرور ہوتے ہیں کہ وقت کے ساتھ تالیاں بجاتے ہیں، پختون روایات میں یہ ہے کہ یہاں پر ہمارا اجمل خان اپنی بیوی بچوں کے ساتھ گاؤں جارہے ہیں، ایم پی اے ہیں، اس کی چیف منسٹری میں پولیس والا ان کی بیوی کی خاطر پختون روایات کا خیال نہ رکھے؟

<u>ایک رکن</u>: جناب سپیکر! ۔۔۔۔

<u>قائد حزب اختلاف</u>: بیٹا، میں آپ سے مخاطب نہیں ہوں، آپ ویسے ذاتیات پر جارہے ہیں، آپ ذاتیات پر نہ جائیں، ہم آپس میں ایک گاؤں کے لوگ ہیں، پھر گاؤں میں بھی بات کرتے ہیں۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: No cross talk، آپ تشریف رکھیں۔ جی درانی صاحب۔

<u>قائد حزب اختلاف</u>: ابھی تک مجھے پتہ نہیں چلا، آپ نے کہا، ان کو مورد الزام ٹھہرایا، اجمل خان خان کی بیوی جو ہماری بہن، ہماری بیٹی کی بے عزتی ہوئی تھی، آیا ابھی تک پختون روایات میں اس پر کسی کو سزا ملی ہے؟ یہ بھی میں پوچھونگا جناب سپیکر صاحب، اگر میں کوئی بات کرتا ہوں تو میرے پاس ثبوت ہوتے ہیں، میں نے اگر شہاب علی شاہ کی بات کی ہے، میرے پاس ثبوت ہے، As a Opposition Leader اللہ تعالیٰ سب لوگوں کا محسن ہے، میں ان کا محسن ہوں، میرے حلقے میں اس نے کام کر کے بیچ دیئے ہیں، میں لسٹ بتادونگا، وزیر اعلیٰ کو چاہیئے کہ وہ مجھ سے پوچھیں کہ شہاب علی شاہ پر کیا اعتراض ہے، آیا میری کوئی ذاتیات ہیں؟ سیٹھ وقار چیف جسٹس کی بھی شہاب علی شاہ کے ساتھ ذاتیات تھیں؟ اس کی رپورٹ

میں شہاب علی شاہ نے ڈبل تنخواہ لی ہے، بی آر ٹی سے بھی لی ہے، کمشنر پشاور اور پلاننگ سیکرٹری کی بھی لی ہے، مجھے آپ یہ بتادیں کہ ڈبل تنخواہ لینا کس قانون میں جائز ہے؟ یہ رپورٹ میرے پاس ہے، آج ہم سے وہ بھول گئی، وہ اسمبلی میں لاؤنگا، وہ مجھے وکلاء نے دی ہے، اگر کرپشن نہ کی ہو تو پھر سپریم کورٹ میں Stay کی کیا ضرورت ہے؟ میں اپنے چند وزراء کو داد دیتا ہوں، جب انہوں نے کرپشن کے خلاف بات کی، انہوں نے کہا کہ ہم نے زندگی گزاری ہے تحریک انصاف میں، ہم اس کرپشن کو نہیں دیکھ سکتے۔ وزیر اعلیٰ نے یہ بھی کہا کہ میں اس صوبے سے کرپشن کا خاتمہ کرونگا تو پھر ایک مشیر اور تین چار وزراء کو کیوں نکالا؟ انہوں نے کوئی غلط کام نہیں کیا تھا، انہوں نے صرف یہ نشاندہی کی کہ ہمارے صوبے میں کرپشن ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس صوبے میں تجاوزات تھے، میں خود اس کے ساتھ ہوں، تجاوزات پر ہمارے بنوں میں علی اصغر ڈپٹی کمشنر نے وہاں پر تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا، ہم نے ساتھ دیا، یہاں پر جب میں اٹھا تو تجاوزات اور الاٹمنٹ میں فرق ہوتا ہے، چیف سیکرٹری نے تمام اضلاع کو جو خط لکھا ہے اس میں یہ ہے کہ اگر ویال کے ساتھ کہیں پر بھی Encroachment ہے اس کو ہٹادیں، اگر روڈ کے ساتھ کہیں پر بھی Encroachment ہے اس کو ہٹادیں، چیف سیکرٹری نے اس لیٹر میں یہ نہیں کہا کہ آپ لوگوں کی املاک کو Demolish کریں، اس پر بھی میں نے یہاں پر حکومت سے ریکویسٹ کی کہ اس کے لئے جوڈیشل کمیشن بنایا جائے، ابھی ایک مہینہ ہوا ہے آپ نے جو خط بھیجا ہے، 29 مئی کو آپ نے خط بھیجا ہے، 29 مئی سے آج تک مجھے اکبر ایوب صاحب نے ابھی کہا کہ آج سیکرٹری صاحب بیمار تھے، اللہ ان کو صحت دے، ان شاء اللہ وہ چلا جائے گا، یہ بھی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ جو کرپشن ہوتی ہے یا Encroachment ہوتی ہے، پہلے آپ نے سینے پر ہاتھ رکھا اور پھر ممبران اسمبلی کو بتایا کہ یہ کرتے ہیں، پھر اپوزیشن کو بتایا کہ یہ کرتے ہیں، میں نے یہ ریکویسٹ کی کہ میں جب وزیر اعلیٰ تھا تو میں نے کسی کو الاٹمنٹ غلط کی ہے تو اس کی سزا بھگتنے کے لئے میں تیار ہوں، اس کمیشن کے سامنے مجھے حاضر کیا جائے، اس جج کے سامنے مجھے حاضر کیا جائے، میں اس جج کے سامنے جانے کے لئے تیار ہوں۔ ابھی میں آپ کو ایک نئی بات بتادوں جو زندگی میں آپ نے نہیں سنی ہوگی، بی آر ٹی کا ٹھیکیدار بھاگ گیا ہے، وہ بھاگا ہے، اس کی دو Performance guarantees تھیں، دونوں بوگس ہیں، رپورٹ آئی ہے، ابھی نیا طریقہ جو نکالا ہے، Descoping وہ لفظ آپ نے سنا ہے؟ نئے Contractor کو بی آر ٹی کا جو باقی کام ہے وہ اسی ریٹ پر بغیر ٹینڈر کے دیں گے، یہ شفافیت ہے، اس میں کوئی ٹینڈر نیا نہیں ہوگا، پرانے ریٹ پر لیں گے،

ایک عجیب سا کام کیا ہے، ابھی وہ کہیں گے کہ آپ نام کیوں لیتے ہیں؟ جو تیز لوگ ہوتے ہیں وہ بڑے دور سے کام کرتے ہیں، اے ڈی پی میں اس کو Pick کرنے کے لئے ادھر ادھر کا کام پشاور سے ایک آدمی بٹھایا ہے جس کا نام نور علی شاہ ہے، اس کا وہاں پر کام ہے، ابھی تو تین ڈیپارٹمنٹس کا کام باقی ہے سٹیشنوں میں، مین روڈ میں، Consultant میں چار ہزار 887 جگہوں کی نشاندہی کی ہے کہ یہ غلط ہیں۔ جناب سپیکر صاحب! ہم پختون روایات کے امین لوگ ہیں، ہمارے آباؤاجداد نے بھی پختون روایات کو اپنی زندگی اور اپنا خون دیا ہے، پختون روایات ہمیں بہت عزیز ہیں لیکن اس عمر میں ہمیں کوئی سکھانے کی بات نہ کرے، وزیر اعلیٰ صاحب نے کہا کہ یہاں پر اگر میں بیٹھا ہوتا تو کیا ہوتا؟ چلیں، کتنا چلتے ہیں، اسمبلی ہے، ایک نمبر پر اس کی سیٹ ہے، ایک نمبر پر میری سیٹ ہے، وہ جس طرح کرنا چاہتے ہیں، ہمیں قبول ہے لیکن اگر وہ اپنے پرنسپل سیکرٹری پر اتنا زور دیتا ہے اور ناراض ہوتا ہے، جس قوم نے 1970 سے میری جماعت کو میرے خاندان کو اس مقام پر پہنچایا ہے، آپ سب جانتے ہیں، وہاں پر لوکل لوگ جو ووٹ ڈالتے ہیں، اگر وزیر اعلیٰ میں اتنی غیرت ہے کہ وہ اپنے سیکرٹری کے پاس کھڑا ہوتا ہے، اکرم خان درانی کے خون میں اپنے آباؤاجدا اور درانیت کا خون ہے، میں اپنے عوام کے ساتھ ہر مقام پر کھڑا ہوں، (تالیاں)
ان شاء اللہ میں پیچھے ہٹنے والا آدمی نہیں ہوں، مجھے بات کرنے میں تکلیف بھی ہوتی ہے لیکن کبھی کبھی مجبوراً آدمی سے کچھ باتیں اس طرح ہوتی ہیں کہ اپنے بچوں کے لئے بھی ہم کوئی طعنہ کی بات نہیں کرتے، ہم نے کوشش کی ہے کہ اپنے بچوں کو بھی عزت اور وقار کے ساتھ اپنی ہسٹری رکھیں۔ باقی ضمنی بجٹ ہے، انہوں نے خود جو نیا بجٹ لایا ہے، ایک طرف نو (9) ارب کا میرے خیال میں دوبارہ Revise کیا ہے، میرے خیال میں اس پر میں نے تیاری کی تھی، ابھی مجھے مزید بات کرنے کی صحت اجازت نہیں دیتی۔ آپ کا بہت بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: درانی صاحب، تھینک یو۔ آپ بات کریں گے، جی شوکت یوسفزئی صاحب۔

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت): جناب سپیکر، اسمبلی میں شروع سے لے کر ابھی تک بڑا اچھا ماحول رہا ہے، جمہوریت کے اندر یہ کوئی انہونی بات نہیں کہ وزیر اعلیٰ اپوزیشن چیمبر میں چلا جائے یا اپوزیشن لیڈر وہ وزیر اعلیٰ کے پاس آ جائیں کیونکہ ظاہر ہے اپوزیشن یا گورنمنٹ کے جو بھی ہوتے ہیں جب وہ اسمبلی میں آتے ہیں تو عوام اپنے کام کرنے کے لئے ان کو بھیجتے ہیں، یہ اس لئے نہیں بھیجتے ہیں کہ آپ بڑی گاڑیوں میں پھریں یا آپ اپوزیشن لیڈر بن جائیں یا وزیر اعلیٰ بن جائیں، حلقے کو بھول جائیں، آپ

کہیں کہ مجھے کچھ نہیں چاہیئے، ایسا ہوتا نہیں ہے، ہمیشہ یہ ایک دوسرے کے ساتھ اسمبلی کے اندر اور یہ جمہوریت کا حسن ہوتا ہے، یہی جمہوریت کا خاصہ ہوتا ہے کہ آپ ایک دوسرے کو احترام دیتے ہیں۔ میرے خیال سے وزیر اعلیٰ کو لے جانے میں میرا بڑا ہاتھ تھا، میں نے ان سے ریکویسٹ کی تھی کہ آپ آئیں اپوزیشن ہمارے ساتھ جو بجٹ ہم پیش کر رہے تھے، اس دوران انہوں نے تمام اسمبلیوں سے ہٹ کر ایک اچھا ماحول دیا، وزیر اعلیٰ صاحب کو ہم نے ریکویسٹ کی، میں تھا، اکبر ایوب صاحب اور تیمور بھائی تھے، ہم نے کہا کہ جی آئیں اپوزیشن کے پاس چلیں، ایک اچھا تاثر ہم دینا چاہتے تھے، بڑا اچھا ماحول لگا، اس کے بعد جو ماحول ہے ہماری اسمبلی کا، وہ بھی بڑا اچھا رہا لیکن یہ جو اسمبلی کے اندر اس طرح کی باتیں کرنا، میں نہیں سمجھتا کہ یہ کوئی Political approach ہے، کوئی بھی جو بیٹھے ہوئے ہیں، چاہے وہ آفیسرز ہیں، بیوروکریٹس ہیں یا اسمبلی سے باہر اسمبلی کے لوگ ہیں، ہم جب یہاں بیٹھتے ہیں، جب بات کرتے ہیں تو وہ لوگ یہاں جواب نہیں دے سکتے، ان کے بارے میں بات کرنا یا ان کو اس طرح لانا، میرے خیال سے اچھا نہیں لگتا کیونکہ جمہوریت کے اندر اپوزیشن لیڈر کا ایک بہت بڑا مقام ہوتا ہے، ہم ان کو احترام دینا چاہتے ہیں۔ یہ جو سلسلہ چل نکلا ہے، میں نہیں سمجھتا کہ کوئی اچھی بات ہے، اس سے کوئی اچھا تاثر جاتا ہے، سارے پختون ہیں، سارے ایک دوسرے کو اس طرح کی دھمکیاں دینا شروع ہو جائیں تو میرے خیال سے ماحول بھی اچھا نہیں لگے گا، کوئی اچھی بات بھی نہیں ہو گی۔ جو پولیٹیکل باتیں ہیں، اس کے لئے ہم تیار ہیں، انہوں نے بی آر ٹی کی بات کی، بی آر ٹی میں چیلنج کرتا ہوں، میں آج بھی چیلنج کرتا ہوں، پہلے بھی اسمبلی کے اندر دے چکا ہوں کہ بی آر ٹی کے اوپر آپ جتنی بات کرنا چاہیں، دلائل کے ساتھ کر لیں، ہم آپ کے لئے حاضر ہیں۔ آپ کہتے ہیں کہ یہ ساڑھے تین ارب روپے کا کام رہتا ہے، جس ٹھیکیدار کے ساتھ Dispute تھا، اس کو ہٹا کر Within that cost کیونکہ ایشین ڈیویلپمنٹ بینک کے Consultants ہیں، کام ان کی نگرانی میں ہوتا ہے، اگر کوئی کام خراب ہوتا ہے تو اس کی Responsibility بھی ان پر آتی ہے اور وہی نشاندہی کرتے ہیں، ان کے کہنے کے مطابق ان کے ساتھ جو Agreement ہوا ہے، ان کے ساتھ قانونی طریقہ کار تھے، اس میں کوئی غیر قانونی کام نہیں ہو رہا، اگر دوسرے کو کنٹرکٹ دیا جا رہا ہے تو وہ اے ڈی پی کی Consultancy کی وجہ سے دیا جا رہا ہے، ان کی مشاورت سے دیا جا رہا ہے، ان کا قانون اور قاعدہ کہتا ہے، اسی کے اندر وہ جا رہا ہے۔ جناب سپیکر، ان شاء اللہ تعالیٰ جو Defective work ہے یہ دسمبر تک مکمل ہو جائے گا۔ جہاں تک بنوں کے حوالے سے انہوں نے بات کی، میں نے Already یہ

سمری سی ایم تک پہنچ رہی ہے، اس پر کمیشن بنے گا، جہاں جو غلطیاں ہوئی ہیں ان کی نشاندہی کمیشن کے Through ہو جائے گی، اس میں میرے خیال میں کسی کو مورد الزام ٹھہرانے کی ضرورت نہیں۔ دیکھیں یہ جو آفیسر ز ہوتے ہیں یہ کام گورنمنٹ کے تعاون سے کرتے ہیں، جس کی حکومت ہوتی ہے، اکرم درانی صاحب خود وزیراعلیٰ رہے ہیں، ان سے پہلے جو لوگ تھے وہ کسی اور حکومت کے ساتھ Attach تھے لیکن جب ان کی حکومت آئی، Definitely ان کے ساتھ کام کیا، آج اگر کوئی کام ہو رہا ہے تو وہ لوگ ہمارا ساتھ دے رہے ہیں، وہ حکومت کا ساتھ دے رہے ہیں، Basically ان کو تنخواہ اس کے لئے ملتی ہے، یہ نہیں ہوتا ہے کہ وہ پی ٹی آئی میں شامل ہو گئے ہیں، کل کسی اور کی حکومت ہو گی وہ ان کے پاس ہوں گے لیکن یہ لازمی ہوتا ہے جناب سپیکر، جو آفیسر ز ہوتے ہیں وہ صحیح مشورہ دیتے ہیں۔ دوسرا شہاب علی شاہ صاحب کا بار بار نام لیا جا رہا ہے، دیکھیں اس وقت وہ ACS کی سیٹ پر بیٹھے ہوئے ہیں، ایک اچھی سیٹ پر بیٹھے ہوئے ہیں، وہ یہاں اسمبلی میں جواب نہیں دے سکتے لیکن اگر اسمبلی کے Through یہاں پر بات ہوتی ہے، میڈیا بیٹھا ہوتا ہے، ان کو ایسا پیش کیا جا رہا ہے جو بالکل کوئی Villon ہے، حالانکہ اس شخص کی وجہ سے وزیراعلیٰ صاحب نے خود اس چیز کو تسلیم کیا ہے کہ خامیاں ہر آفیسر میں ہو سکتی ہیں لیکن خوبیاں بھی ہوتی ہیں، آپ صرف خامیوں کی بات کرتے ہیں، ان کی خوبیوں کو بھی اگر گنوالیں، انہوں نے بی آر ٹی پر بات کی، انہوں نے بی آر ٹی کے اندر Help کی، بجٹ کے اندر انہوں نے Help کی، میرے خیال سے ہمارے اپنے افسروں کو اس طرح Degrade نہیں کرنا چاہیئے، اگر کوئی Personal issues ہوتے ہیں تو Personal issue کو میرے خیال سے اسمبلی میں بھی نہیں لانا چاہیئے۔ Already میں نے آپ سے کہا کہ جو آفیسر ز ہوتے ہیں وہ پالیسی کو Follow کرتے ہیں، اگر گورنمنٹ کی پالیسی ہے، ہم نے Encroachment ختم کرنی ہے تو پھر X Y Z جو بھی آئے گا ان کی Encroachment ختم ہو گی، اگر سوات کے اندر ایک Encroachment ختم ہو رہی ہے جناب سپیکر، ہمارے خلاف وہاں پر بھی جلوس نکل رہے ہیں، اگر بنوں میں Encroachment ختم ہو رہی تھی تو یہ کیوں انتقام اس میں لیا جا رہا ہے؟ اس لئے میں عرض کر رہا ہوں کہ اس کے بعد اس طرح کا ماحول پیدا نہ کیا جائے تو اچھا ہو گا۔ ہمیں اپنے بیوروکریٹس پر فخر بھی ہے، میرے خیال سے ہمیں ان کی عزت بھی کرنی چاہیئے، جو آفیسر ز حکومت کے ساتھ تعاون کر رہے ہیں، اچھے مشورے دے رہے ہیں، ہم ان کو بالکل سپورٹ کریں گے۔ چونکہ کوئی ایسی بات میں نہیں سمجھتا کہ ایسی کرنی چاہیئے، یہاں آ کر ہم اس کا جواب

نہیں دے سکتے، اس سے ماحول بھی اچھا نہیں ہوگا اور ہم نہیں چاہتے کہ ہمارے بیوروکریٹس وہ Disheart ہوں، اچھے کام کرتے ہیں، آپ Appreciate بھی کریں، کوئی غلطی ہے تو بالکل آپ کہیں، یہ حکومت اور اپوزیشن کی ذمہ داری ہے کہ وہ حکومت کے نوٹس میں لائے لیکن یہ بات کہنا کہ آپ کو پتہ ہے، اگر ہم چاہتے تو ہمیں کس چیز کی کمی تھی، دو تہائی اکثریت سے اگر ہم بجٹ پاس نہ کر سکیں تو پھر ہمیں یہاں بیٹھنے کی ضرورت کیا تھی؟ لیکن ہم نے تو وہ نہیں کہا، ہم تو اس طرح نہیں چاہتے کہ ہم زبردستی اس کو بلڈوز کریں، ہم نے ایک اچھا ماحول جمہوریت کے لئے جو جمہوریت کا حسن ہوتا ہے، اس میں وزیر اعلیٰ صاحب گئے، اچھا ماحول لیکر گئے ورنہ ہمیں کسی چیز کی ضرورت نہیں تھی، اگر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ مجبوری کے تحت آکر انہوں نے ریکویسٹ کی ہے، No کسی مجبوری کے تحت نہیں، اچھے ماحول بنانے کے لئے گئے، ہمارے اپوزیشن کے دوسرے ممبران نے بہت اچھا ماحول دیا، ہم نہیں چاہتے تھے کہ وہ ماحول خراب ہو۔ میں آج بھی وزیر اعلیٰ صاحب کے جانے کا یہ Appreciate کرتا ہوں، پھر بھی جائیں گے کیونکہ اپوزیشن کو ہم کوئی اپنے سے الگ نہیں سمجھتے اور نہ ہی ہم وہ پختون روایات جو آپ کو امن وامان سے نہیں روکتی ہیں، دیکھیں جانی خیل کے اندر جو کچھ ہوا یا اس سے پہلے ہوا، Law & Order کنٹرول کرنا گورنمنٹ کی ذمہ داری ہوتی ہے، یہ کسی مقام پر ایسا نہیں ہوا کہ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ جی Law and Order کو اس طرح چھوڑ دیا جائے، پولیس کی ذمہ داری بنتی ہے، پولیس کو Responsibility دی گئی ہے، وہ دیکھتے ہیں کہ کہاں سے Law and Order خراب ہوتا ہے، کہاں سے کنٹرول ہوتا ہے؟ اس میں میرے خیال سے یہ بات کسی کو طعنہ دینے کے لئے نہیں ہونی چاہیئے۔ یہ دوسری جو اراضی الاٹمنٹ ہوئی ہے، جو لیز پر دی گئی ہے اس کے لئے کمیشن بن رہا ہے، یہ چیزیں میرے خیال سے سب کچھ واضح ہو جائیں گی۔ میں ریکویسٹ کروں گا کہ اگر بی آر ٹی کے اوپر کسی کو اعتراض ہے، میں حاضر ہوں، ملتان کی بی آر ٹی، لاہور کی بی آر ٹی، پنڈی کی بی آر ٹی اور پشاور کی بی آر ٹی چاروں کو میں چیلنج کرتا ہوں، یہ کہتے ہیں کہ یہ مہنگی بنی ہے، میں اس کے لئے تیار ہوں، آ جائیں، میرے ساتھ جہاں پر ان کی مرضی ہے، اپوزیشن کا کوئی بھی بندہ تیاری کرکے آ جائیں، میرے ساتھ بیٹھے یہاں بیٹھتے ہیں اسمبلی میں، میں بھی تیار ہوں، اگر Talk show میں بیٹھتے ہیں، Talk show میں بھی تیار ہوں، باہر بیٹھتے ہیں تو باہر بھی تیار ہوں لیکن یہ بہت بڑا منصوبہ تھا، عوام کا منصوبہ ہے، آج عوام اس سے خوش ہیں، اس کو Appreciate کر رہے ہیں، وہ طعنے دینا ختم ہونا چاہیئے کہ بی آر ٹی نہیں بنا سکتے، بی آر ٹی ہم بنا چکے ہیں، ان شاء اللہ تعالیٰ اس بی آر ٹی

کے ساتھ ہم جو بنا رہے ہیں بڑے بڑے پلازے وہ نہ آپ کو ملتان میں نظر آئیں گے نہ آپ کو لاہور میں نظر آئیں گے، 68 کلو میٹر ہم نے جو Extra routes دیئے ہیں، وہ آپ کو کہیں نظر نہیں آئیں گے۔ دوسری ایک اور Important بات جو اکثر مجھے لاہور کی وہ سننے میں آتی ہے، لاہور کے پاس آج تک اپنی بسیں نہیں ہیں، ہم نے اپنی بسیں شروع دن سے چلائی ہیں، میرے خیال سے اس کو Appreciate کیا جانا چاہیئے۔ میں نے یہ عرض کرنا تھی، بہت بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: تھینک یو، جی۔ درانی صاحب۔

قائد حزب اختلاف: جناب سپیکر صاحب! میں شوکت یوسفزئی صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں، اس نے جو بات کی، میرے خیال میں اجلاس 30 تاریخ کے بعد یا یکم تاریخ پر، میں اور میرے ساتھ خوشدل خان اور جو بھی منسٹر بیٹھتا ہے، اس بی آر ٹی کو ہم مکمل اعتراضات کے ساتھ ختم کرنا چاہتے ہیں، اس نے جو Offer کی وہ مجھے Accept ہے، یکم جولائی کو ہم اس اسمبلی میں بیٹھ جائیں گے، اگر آپ کی سرپرستی میں ہو تو بڑی اچھی بات ہے، پھر ہم دو بندے اپوزیشن سے، ایک خوشدل خان ایک شوکت صاحب اس کے ساتھ ہال میں جو منسٹر ہے، وہ بھی جس طرح چاہتے ہیں، یہ ابھی آپ فائنل کر دیں، یکم کو ہم بارہ بجے یہاں پر اسمبلی میں آجائیں گے، خوشدل خان بھی آجائیں گے، ان شاء اللہ اس مسئلے کو ہم مکمل حل کریں گے۔ اگر اس میں سے ہم نے کچھ غلطیاں نہیں نکالیں تو میں اسمبلی فلور پھر معذرت بھی کروں گا، میں وہ آدمی ہوں جب مجھ سے غلطی ہو جائے تو اس نے بھی کہا، میں آپ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں، شوکت صاحب کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں، بہت مہربانی۔

جناب سپیکر: جی، شوکت یوسفزئی صاحب۔

وزیر محنت: سر، بالکل ٹائم ان کا، وقت بھی ان کا، جگہ بھی ان کی، میں حاضر ہوں۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، فرسٹ تاریخ کو بارہ بجے اسمبلی کانفرنس روم میں خوشدل خان صاحب ہونگے، ان کے ساتھ درانی صاحب اور آپ اپنے ساتھ جس کو رکھتے ہیں، ڈیپارٹمنٹ کو بھی بلانا چاہیں تو بلالیں، ٹھیک ہے تاکہ ان کو کمپلیٹ بریفنگ دیدیں۔

جناب اختیار ولی: جناب سپیکر!۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی، اختیار ولی صاحب۔

جناب اختیار ولی: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ شوکت بھائی نے ملتان، لاہور اور اسلام آباد میٹرو کے بارے میں کہا، اس میں جی۔۔۔۔

ایک رکن: جناب سپیکر!۔۔۔۔۔

جناب اختیار ولی: ٹھیک ہے، میں صرف اپنی بات کرتا ہوں، پھر آپ نے جو کہا میں اسی طرح کروں گا لیکن Being مسلم لیگ (ن) کے Representative، اس کا صوبائی ترجمان ہونے کی حیثیت سے میں اس میں فریق ہوں، میں ان کا چیلنج قبول بھی کرتا ہوں اور جہاں پر یہ کہتے ہیں اس مناظرے میں اس کا حصہ بھی بننا چاہتا ہوں۔ شکریہ۔

(قہقہے)

جناب سپیکر: جی، عنایت اللہ خان صاحب۔

جناب عنایت اللہ: میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں، ضمنی بجٹ پر ڈسکشن اور ڈیبیٹ شروع ہو چکی ہے، میں ضمنی بجٹ پر فوکس رہوں گا، اس پر فوکس کروں گا۔ سب سے پہلے میں جناب وزیر خزانہ کی توجہ ان کی ضمنی بجٹ سپیچ کی طرف دلانا چاہتا ہوں، ضمنی بجٹ سپیچ میں انہوں نے کہا کہ مندرجہ بالا آرٹیکل کی روشنی میں اب میں سال 2020-21 کے ایک کھرب نو (9) ارب گیارہ کروڑ تراسی (83) لاکھ تین ہزار 341 روپے کا ضمنی بجٹ پیش کر رہا ہوں، میں نے Google search کیا، One trillion، ایک کھرب One trillion ہوتا ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: One billion ایک ارب One billion ہے نا۔

جناب عنایت اللہ: جی اچھا، یہ جو بجٹ ہے، 109 ارب کا بجٹ ہے، 109 ارب میں اٹھتر (78) ارب وہ Current side پر ہے اور تیس ارب ستائیس کروڑ ڈیویلپمنٹ سائیڈ پر ہے۔ جناب سپیکر صاحب، یہ Exceptionally high supplementary budget ہے اور سپلیمنٹری بجٹ جس طرح انہوں نے آرٹیکل 124 Quote کیا ہے، جس کے مطابق جب کسی مد میں زیادہ خرچہ ہوتا ہے یا کسی نئے Head کے تحت خرچہ ہوتا ہے تو آپ Supplementary and excess budget پیش کرتے ہیں، آرٹیکل 124 کے تحت آپ نے سپلیمنٹری بجٹ پیش کیا ہے لیکن یہ جو سپلیمنٹری بجٹ کے Figures ہیں، یہ Exceptionally high ہیں، منسٹر صاحب اس کی تھوڑی تفصیل بتا دیں، گو کہ یہ تفصیل Supplementary budget document کی ہے، اس کے اندر بھی موجود ہے۔ منسٹر

صاحب نے پچھلے سال ہاؤس کے ساتھ وعدہ کیا تھا کہ جو Constitution کا آرٹیکل 119 ہے جس کے تحت حکومت نے Provincial Finance Management Act جو ہے وہ Introduce کرنا تھا اور یہ کوئی چالیس سال سے Due ہے، جب سے Constitution وجود میں آیا ہے، بنا ہے۔ یہ آرٹیکل اس وقت سے Constitution کے اندر موجود ہے لیکن ابھی تک Provincial Finance Management Act نہیں بن سکا ہے، یہ Provincial Finance Management Act کی Absence کی وجہ سے جو ہاؤس کی Scrutiny ہے وہ نہیں ہوتی ہے، بجٹ اور فنانس کی Scrutiny نہیں ہوتی ہے اور جو Democratic control ہے وہ Effective نہیں ہوتا ہے، نتیجتاً حکومت خرچہ کرتی ہے، پیسے لگاتی ہے، اس کو سال کے آخر میں پھر خرچ کرتی ہے، پہلے Re-appropriations وغیرہ کرتی ہے، پہلے نئے Heads create کرتی ہے پھر آخر میں اسمبلی سے اس کی Approval لیتی ہے، اگر Finance Management Act بنے گا تو اس کی ایک صورت نکلے گی، حکومت خرچہ کرنے سے Budget document کے اندر تبدیلیاں کرنے سے پہلے کیبنٹ کے اندر چیزیں Recommend کر کے صوبائی اسمبلی سے Approval لے گی، اس طریقے سے صوبائی اسمبلی کی بجٹ کے اوپر جو نظر ہے وہ ہو گی اور جو اس آرٹیکل 119 کے تحت اس میں لکھا ہے کہ یہ صوبائی اسمبلی جو ہے، Provincial Consolidated Fund سے جو پیسے نکلتے ہیں اور جو خرچ ہوتے ہیں، یہ پراونشل اسمبلی اس کی Custodian ہے، Constitution کے مطابق وہ پراونشل اسمبلی کے ایک ایکٹ کے ذریعے سے Regulate ہونا چاہیئے، اس لئے تیمور جھگڑا صاحب نے پچھلے سال کہا تھا کہ بہت جلد، اس نے کہا کہ کوئی ایک دو مہینے کے اندر مجھے یاد ہے کہ ہم اس کو Introduce کریں گے، وہ بتا دیں کہ کب تک Public Finance Management Act وہ اسمبلی میں لا رہے ہیں؟ جناب سپیکر صاحب! میں ایک اور نکتہ جو ہے، فنانس منسٹر کی توجہ دلانا چاہوں گا، وہ Jainism جو ہے، سچی بات ہے کہ اس کے لئے جو Term ہے، ایک اصطلاح ہے، ایسی اصطلاح ہے جو کسی ڈکشنری کے اندر Available نہیں ہے لیکن ایک یہ اصطلاح بنتی جا رہی ہے، آپ سال کے آخر میں ریلیز کرتے ہیں، سال کے آخر میں جب ریلیز کرتے ہیں تو کنٹریکٹرز پھر پیسے لے جاتے ہیں، ایڈوانس میں بھی پیسے کنٹریکٹرز کو ملتے ہیں کیونکہ ہر ڈیپارٹمنٹ کے پاس جب پیسے چلے جاتے ہیں، کوئی ڈیپارٹمنٹ Surrender کرتا ہے تو دوسرے ڈیپارٹمنٹ کے اندر چلے جاتے ہیں، ایک ڈیپارٹمنٹ کے اندر ایک سکیم سے Re-appropriate ہو کر

دوسری سکیم میں چلے جاتے ہیں، اس طرح پیسے ضائع ہو جاتے ہیں، یعنی جون کے دوران ہم دیکھتے ہیں کہ Ground پر Physically کام Speedup ہوتے ہیں اور جلدی جلدی کنٹریکٹرز کام کرنا شروع کر دیتے ہیں، جون کے اندر ہم دیکھتے ہیں، بہت سے ڈیپارٹمنٹس ایسے ہیں کہ ان کو پیسے ملتے ہیں، پھر وہ کنٹریکٹرز کو Advance payment کرتے ہیں، اس میں سے بہت سے کنٹریکٹرز ایسے ہیں جن کو پیسے مل جاتے ہیں اور وہ کام نہیں کرتے ہیں، اس کا نتیجہ یہ ہے کہ آپ کے Ground پر ایسے کالجز ہیں، ایسے سکولز ہیں، ایسے روڈز ہیں، ایسی سکیمیں موجود ہیں کہ جن میں کنٹریکٹرز کو Payment ہوئی ہے اور پھر بھی وہ کام نہیں کر رہے ہیں، آپ کے جو Budget document میں آپ نے Citizen guide بنایا ہے، اس میں آپ نے وہ Infographic طریقے سے یہ بتانے کی کوشش کی ہے کہ آپ نے جو Releases ہیں وہ Regular کر دیئے ہیں، آپ ہر Quarter میں Releases regularly کرتے ہیں لیکن اسی Graph کو آپ دیکھتے ہیں، خود اپنے آپ کو دیکھتے ہیں، سال کے آخر میں بہت زیادہ Releases کرتے ہیں، اگر آپ سال کی ابتداء میں کوئی Ten or fifteen percent کرتے ہیں تو سال کے آخر میں تب پھر Eighty ninety percent پر چلے جاتے ہیں، اس لئے یہ ایک ایسا ایریا ہے کہ جس پر فنانس منسٹر کو توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ اس سے حکومت کے پیسے ضائع ہو رہے ہیں اور Flight of capital اس سے ہو جاتی ہے۔ جناب سپیکر صاحب، اگلا جو نکتہ میں بیان کرنا چاہتا ہوں، وہ دوبارہ فنانس منسٹر کی توجہ اس طرف دلانا چاہونگا، یہ ہماری اے ڈی پی کا Throw forward ہے، یہ سب کچھ اس وجہ سے ہو رہا ہے، اگر آپ اے ڈی پی Rationalize کریں گے، اس کا Throw forward کنٹرول کریں گے، اس طرح جو آپ کے اخراجات ہیں، ان اخراجات کے Estimates اور Budgeting realistically آپ کے ریونیو کے مطابق لائیں گے تو آپ کو ضمنی بجٹ لانے کی ضرورت نہیں رہے گی۔۔۔۔

<u>Mr. Speaker:</u> Windup, please.

<u>جناب عنایت اللہ:</u> بس میں ایک دو باتیں کر کے۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> میرے پاس بائیس یا تئیس لوگوں کے نام ہیں۔

<u>جناب عنایت اللہ:</u> میں Windup کرتا ہوں، میں صرف دو تین چیزیں ان کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں۔ انہوں نے انڈسٹریز کی بات کی ہے، اس میں Economic zone کی بات ہے، کل چیف منسٹر صاحب نے اپنی تقریر میں بھی کہا ہے کہ ہم نے کوئی Nine economic zones plan کئے ہیں، میں

صرف ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ چکدرہ ملاکنڈ ڈویژن کا ایک Centrally located جگہ ہے اور اس میں ابتدائی پلان کے اندر Economic zone شامل تھا لیکن جو سی پیک کے Economic zones تھے، ان میں اب چکدرہ نہیں ہے، میرے ایک سوال کے جواب میں مجھے انڈسٹریز کے منسٹر نے بتادیا تھا، ہمارے ہاں اس پر ایک تشویش ہے، ایک Resentment ہے، ہمارے Region کے اندر ایک بہت بڑا Potential area جو کہ Junction ہے اور وہ آپ کے ابتدائی پلان کے اندر شامل تھا، اس کو آپ نے Economic zone کے اپنے پلان کے اندر شامل نہیں کیا ہے، اس پر فنانس منسٹر اپنی سپیچ کے اندر ہمیں بتادیں۔ جناب سپیکر صاحب، قبائلی اضلاع کے حوالے سے میں بات کروں گا، آپ کی اس Budget document کے اندر آپ نے پچھلے سال کوئی نوے (90) ارب سے زیادہ اس کے لئے Reflect کئے تھے، آپ کے Revised budget document کے اندر کوئی Seventy six billion rupees جو ہیں Development side پر آپ نے Reflect کئے ہیں جبکہ آپ کا Actual خرچہ جو ہے وہ پچیس یا چھبیس ارب White paper کے اندر Reflect ہوا ہے، ظاہر ہے وہ ایک ایسا ایریا ہے جس کے اندر آپ پیسے خرچ نہیں کریں گے، وہاں یہ جو جانی خیل کا واقعہ ہے، باجوڑ کے اندر Target killing ہے، وہاں Resentment ہے، قبائل جو ہیں وہ پریشان ہیں۔ جب آپ ڈیویلپمنٹ نہیں کریں گے، Economic activity ادھر نہیں ہو گی، آپ ان کے ساتھ جو وعدے کرتے ہیں وہ وعدے پورے نہیں کریں گے۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Thank you.

جناب عنایت اللہ: اس کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ جو Merger ہوا ہے، اس کے ثمرات لوگوں تک نہیں پہنچیں گے اور اس کے نتیجے میں Merger کے خلاف باتیں شروع ہوں گی۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: .Thank you very much میں تمام اپنے بھائیوں سے ایک ریکویسٹ کروں گا کہ جنرل بجٹ پاس ہو چکا ہے، اب اس موقع پر بات کرنا کوئی معنی نہیں رکھے گا۔ ابھی آپ کے سامنے سپلیمنٹری بجٹ ہے، اپنی گفتگو کو ادھر ادھر نہ لے جائیں، سپلیمنٹری بجٹ کے اوپر ہی مرکوز رکھیں۔

جناب محمود احمد خان: جناب سپیکر صاحب!۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب محمود احمد خان: بجٹ کے علاوہ اگر آپ پوائنٹ آف آرڈر کی اجازت دیدیں۔

جناب سپیکر: نہیں، پوائنٹ آف آرڈر آج کل نہیں ہوتا۔ سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب، جی سپلیمنٹری بجٹ کے اوپر۔

سردار اورنگزیب: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ بجٹ بجٹ ہی ہوتا ہے، چاہے ضمنی ہو یا سالانہ بجٹ ہو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ پاس ہو گیا ہے نا، اب جو پاس نہیں ہوا ہے اس پر بات کریں۔

سردار اورنگزیب: جی (قہقہے) جناب سپیکر صاحب، یہ جو ضمنی بجٹ تیسری دفعہ وزیر خزانہ صاحب نے پیش کیا ہے، یقیناً ہم بھی توقع رکھتے تھے کہ بہت لائق فنانس منسٹر ہیں، بڑے قابل منسٹر ہیں، یہ جو ضمنی بجٹ ہے، جس طرح عنایت خان صاحب نے بات کی ہے کہ اگر وہ ایکٹ لے آتے، شاید اس میں جو تئیس سے زیادہ محکموں کے اوپر انہیں دوبارہ منظوری لینی پڑی، شاید اس کو ضرورت نہ پڑتی، اگر تخمینہ درست لگایا جاتا یا ڈیپارٹمنٹس کے حوالے سے جو فنڈز انہوں نے سالانہ بجٹ میں رکھتے ہیں، اگر اس کا تخمینہ درست ہوتا تو شاید یہ اتنے بیس یا پچیس محکموں کی ان کو ضرورت نہ پڑتی، بہر حال اکرم درانی صاحب اور عنایت اللہ خان صاحب نے بات کی ہے، میں ایک دو تجاویز صرف دینا چاہتا ہوں، ایک حکومت نے E-bidding, E-tendering کا سسٹم شروع کیا تھا، یقیناً اس سے ٹینڈرز میں جو سیاسی مداخلت تھی وہ ختم ہو گئی ہے لیکن کچھ چیزوں کے قواعد اور ساتھ ہی نقصانات جو سامنے آتے ہیں، میں اس پر ان کو ایک تجویز دینا چاہتا ہوں، جب کوئی ٹینڈر E-tendering کے ذریعے ہوتا ہے تو پینتیس سے چالیس فیصد ٹھیکیدار کے Below پر چلا جاتا ہے اور وہ کام بھی نہیں کرتا، اگر کام کرتا ہے تو وہ غیر معیاری کام ہوتا ہے، اس لئے میں یہ تجویز دینا چاہتا ہوں کہ بالکل E-tendering بہت اچھا ہے اس کو برقرار رہنا چاہیئے لیکن دس فیصد Below سے اوپر اس کے اوپر پابندی لگائی جائے تاکہ یہ صوبے کا جو پیسہ ضائع ہوتا ہے وہ ضائع نہ ہو اور کام بھی معیاری ہو، ایک میری یہ گزارش ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ آپ کی اچھی تجویز ہے۔

سردار اورنگزیب: میری یہ گزارش ہے کہ سی ایم ڈی فنڈ اور ڈسٹرکٹ یا لوکل فنڈ جو ہوتا ہے، اس میں چھوٹی سکیمیں اور کچے روڈوں کے لئے خصوصی طور پر ایم پی ایز بھی فنڈ رکھتے ہیں، دوسرے جو نمائندے ہوتے ہیں، پیمائشی روڈ بنتے ہیں، پانچ لاکھ، دس لاکھ روپے سے زیادہ سے زیادہ آدھا فرلانگ روڈ بنتا ہے، میری یہ تجویز ہے، اگر منسٹر صاحب اس پیسے کو بچانا چاہیں تو اس کو بجائے اس طرح ٹینڈر کروانے ڈوزر یا

Excavator کے گھنٹے، محکمے کو ہدایت کی جائے، جتنے پیسے بھی ہوں، ایک لاکھ کے بیس گھنٹے بنتے ہیں، اگر یہ پیمائشی کام نہ ہو، Dozer کے گھنٹے ہوں یا Excavator کے گھنٹے ہوں تو یہ پیسہ بچ سکتا ہے، ایک یہاں پر ابھی بھی لوکل گورنمنٹ کے منسٹر صاحب نہیں ہیں، میں نے اس دن بھی بات کی تھی کہ ہمارا حویلیاں سے ایک پارک شفٹ کیا جا رہا ہے، ابھی منسٹر صاحب آ گئے، انہوں نے مجھے کوئی جواب نہیں دیا ہے، جو 2016-17 اے ڈی پی کی منظوری ہوئی تھی، ابھی پانچ کنال جگہ ایک بندے کی ہے، وہ اس میں آ رہی ہے، اس کو خوش کرنے کے لئے حویلیاں کے لوگوں کا نقصان ہو رہا ہے، 29 کنال 11 مرلے جس کا Section II ہو چکا ہے ایوارڈ ہو چکا ہے، میں منسٹر صاحب سے یہ کہونگا کہ ابھی مجھے اس کا ضرور جواب دیں کہ یہ کیوں شفٹ کیا جا رہا ہے، یہ پارک، اگر کوئی آدمی پانچ مرلے زمین فلاحی کاموں کے لئے عوام کے لئے نہیں دیتا تو پھر میرے حلقے کی 2500 کنال اراضی یونیورسٹی کو دی گئی ہے، تین سو روپے کنال کے عوض دی گئی ہے، چار سو کنال جو انڈسٹری کو دی گئی ہے، پچیس کنال عدالتوں کو ابھی لنگڑا یونین کونسل میں دی گئی ہے، یہ 29 کنال 11 مرلے جو پارک کے لئے ہوئی ہے، مہربانی کر کے مجھے منسٹر صاحب یقین دہانی کرائیں کہ ڈی سی ایبٹ آباد کو حکم دیں کہ وہ اس پارک کا نوٹیفکیشن کریں، انتقال کریں، ایک یہاں پر ابھی فارسٹ منسٹر نہیں ہیں، میں نے پہلے بھی ان سے ریکویسٹ کی تھی کہ جو پالیسی صوبائی حکومت نے بنائی ہے، این او سی بند کر دی ہے روڈوں اور کچے راستوں کے لئے، اس کا ذرا مجھے بتا دیں، کیا حکومت اس کے اوپر نظر ثانی کرے گی یا نہیں کرے گی؟

<u>جناب سپیکر</u>: تھینک یو۔ میں Expect کر رہا تھا کہ آپ سپلیمنٹری بجٹ پر بات کرینگے، منسٹر صاحب کوئی نشاندہی کرینگے کہ بجٹ صحیح ہے، غلط ہے، کیا ہے؟ جی اکبر ایوب صاحب۔

<u>جناب اکبر ایوب خان (وزیر بلدیات)</u>: شکریہ، جناب سپیکر۔ پارک کہیں بھی شفٹ نہیں ہوا، پارک حویلیاں میں ہی بنے گا، اس میں تھوڑا سا ایک مسئلہ یہ آ رہا ہے، آپ بھی اس چیز سے واقف ہیں، قلندر لودھی صاحب کا حلقہ ہے، یہ بھی اس چیز سے واقف ہیں، زمین کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا ہے، میرے خیال میں کوئی کروڑ ڈیڑھ کروڑ یا دو کروڑ اوسط آئی ہے، جناب سپیکر، مارکیٹ پرائس اس کی 50 کروڑ روپے ہے، آج ہم زبردستی سیکشن فور کے Through لے لیں گے لیکن کل جب وہ شخص کورٹ میں Enhancement کے لئے جائیگا، اگر فیصلہ ہمارے خلاف آ گیا تو وہ پچاس کروڑ روپے کون اس کو دے گا؟ ہم نے ان کو کہا ہے کہ ایسی جگہ دیکھ لو جس میں گورنمنٹ کو بھی نقصان نہ ہو، حویلیاں میں ہی پارک بنے

گا،اس کے لئے میرا خیال ہے دو تین اور جگہیں حاجی قلندر لودھی صاحب نے ادھر مشاورت کر کے کوئی Identify بھی کی ہیں، ان شاء اللہ چند دنوں میں وہ فائنل ہو جائیں گی، حاجی صاحب کوشش کریں، بڑی جگہ دیکھ لیں، ابھی چھوٹی نہ دیکھیں، سوڈیڑھ سو کنال دیکھیں، گورنمنٹ کی پالیسی ہے کہ ہر شہر کو دو بڑے پارک دیں، ہم حویلیاں کو بھی ان شاء اللہ ایک بڑا پارک دینگے، حویلیاں کے لوگوں کا حق بنتا ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بہتر یہ ہے کہ حویلیاں سٹی کے قریب ہو، حویلیاں سٹی سے Adjacent ہو۔

وزیر بلدیات: حویلیاں سٹی کے آگے پیچھے ہو گا، بلکہ میں اورنگزیب خان کو مشورہ دونگا کہ آپ ریلوے کی بھی کوئی جگہ دیکھیں، ہم منسٹر ریلوے سے ریکویسٹ کر کے ٹی ایم اے ریلوے سے جگہ Lease پر لے لیں گے کیونکہ ریلوے سٹیشن اور وہ سب بالکل شہر کے ساتھ ہے۔

جناب سپیکر: محترمہ نعیمہ کشور صاحبہ۔

سردار اورنگزیب: جناب سپیکر!۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بس بات ختم ہو گئی۔

سردار اورنگزیب: جناب سپیکر! پارک حویلیاں سے شفٹ نہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب نے کہہ دیا ہے کہ پارک حویلیاں ہی میں بنے گا، بس آپ اس پر تسلی رکھیں، انہوں نے Floor of the House assurance دلا دی ہے کہ حویلیاں سے پارک کدھر بھی نہیں جائے گا بلکہ شاید ابھی پھر تین چار کلو میٹر حویلیاں سے دور ہے، یہ حویلیاں کے ساتھ بالکل جڑ جائے گا۔ جی نعیمہ کشور صاحبہ۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ ضمنی بجٹ پر بحث ہو رہی ہے، میرے خیال میں یہ آئین کے آرٹیکل 124 میں رکھی گئی تھی، اس کا مقصد یہ تھا کہ جب ملک میں ایسے حالات ہوں، اگر بجٹ میں اس وقت کوئی رقم نہ رکھی گئی ہو، اگر زیادہ کوئی حکومت خرچ کرے تو اس کی پھر Approval لے سکے لیکن اگر ہم دیکھیں، اس وقت یہ بجٹ ہم سے لیا جاتا ہے، ہیلتھ کے لئے کورونا کی صورتحال کے پیش نظر ایسے حالات تھے تو کوئی بات سمجھ میں آجاتی لیکن اس وقت کوئی ایسے ایمرجنسی حالات نہیں ہیں، اگر آپ دیکھیں، ایک کھرب سے زیادہ ہم سے ڈیمانڈ کی جاتی ہے، اس بجٹ کی جس کا ہمیں کچھ پتہ نہیں کہ یہ کیوں خرچ کیا گیا ؟ پھر ہمیں شوکت یوسفزئی صاحب کھڑے ہو کر کہتے ہیں کہ بیوروکریسی پر آپ اعتراض نہ کرے، اگر مینجمنٹ کا یہ حال ہو، اگر ہمیں ایسی چیزیں تھما دی جاتی ہیں، اگر اس قسم کی آپ کی

مینجمنٹ ہے، اگر ایسی آپ کی بیوروکریسی ہے، آپ کو ایسی مینجمنٹ کر کے دے دیتی ہے، اس کے لئے پھر ہم جواب دہ ہوتے ہیں، یہ ایوان جواب دہ ہوتا ہے۔ میرے خیال میں ہمیں پھر حق ہوتا ہے کہ ہم اعتراض کریں کہ کیوں آپ ایسے بجٹ دیتے ہو، پھر ایک کھرب کی ہم سے منظوری لیتے ہو جس کا اس ایوان کو اور ممبران کو کچھ پتہ نہیں کہ آپ لوگوں نے خرچ کئے، اگر آپ اس کو دیکھیں تو Majority جو رقم خرچ ہوئی ہے وہ ہوئی ہے، Recruitment پر خرچ ہوئی ہے، ٹی اے ڈی / اے میں خرچ ہوئی ہے، کچھ گاڑیوں کی خریداری میں خرچ ہوئی ہے، کیا یہ ان کو پہلے پتہ نہیں تھا کہ ہم نے Recruitment کرنی ہے، کیا ان کو پہلے پتہ نہیں تھا کہ بہت سارے محکموں میں اگر آپ دیکھ لیں تو یہی کچھ ہوا ہے، کیا ان کو پتہ نہیں تھا کہ ہم نے ان میں کرنا تھا، وقت پر یہ Re manage نہیں ہو سکتا تھا، اگر میں ایک ایک محکمے کو علیٰحدہ علیٰحدہ کروں، انہوں نے خود دیئے، میرے خیال میں بہت ٹائم لگے گا، اگر Majority میں دیکھوں تو یہ چیزیں ہیں، میرے خیال میں یہ ان کی مینجمنٹ کی کمزوری ہے۔ دوسری چیز، اگر آپ پولیس کی دیکھیں، اس میں تقریباً چھ ارب دیئے گئے ہیں، اشیائے ضروریہ کی خریداری ہے، اب پتہ نہیں کہ کونسی اشیائے ضروریہ کی ایمرجنسی پڑ گئی کیونکہ اب وہ حالات ہیں، یہ لوگ کہہ رہے ہیں کہ امن و امان کی صورتحال بہتر ہو گئی ہے، کونسی ایسی ضرورت پڑ گئی ہے؟ اب گندم کی خرید اور درآمد کے لئے ہم تو کہتے ہیں ہمارا زرعی ملک ہے، پھر ہمارا صوبہ خاص کر ایک زرعی صوبہ ہے، ہمیں بھی پھر گندم درآمد کرنا پڑ رہی ہے، اس سال کی اگر میں مثال دوں تو ہماری گندم کی Bomper crop ہوئی ہے لیکن اس سال بھی ہم نے تیس لاکھ ٹن گندم درآمد کرنی ہے، پھر ہمیں اس کے لئے بھی دوبارہ Subsidy دینا پڑے گی، ہمیں اس کے لئے بھی دوبارہ ضمنی بجٹ دینا پڑے گا، کیا ہم ایک زرعی صوبہ ہونے کے باوجود ہمیں گندم درآمد کرنا پڑے گی؟ ہمارا جو فنانس بل تھا، اس میں بھی میں نے کہا تھا کہ آپ کاشتکاروں کو اس وقت ریلیف دیں، ان سے ٹیکسز کم کریں، ان کو اچھا بیج دیں تاکہ ہمیں درآمد کرنے کے لئے پھر یہ ضمنی بجٹ دینا نہ پڑے۔ پھر آپ آگے جائیں تو یہاں پر محکمہ جیل کے لئے ہم تقریباً چونسٹھ کروڑ روپے دے رہے ہیں، اس ضمنی بجٹ میں اگر آپ دیکھیں تو پچھلے سال کی نسبت اس سال بھی محکمہ جیل کو تقریباً ستر (70) کروڑ زیادہ دے رہے ہیں، ضمنی بجٹ میں بھی ہم چونسٹھ کروڑ اس کو دے رہے ہیں لیکن ہماری جیلوں کی جو صورتحال ہے، اس میں کوئی بہتری نہیں آ رہی ہے، ہم جیلوں سے اچھے لوگ نہیں بلکہ میرے خیال میں Criminals اس سے باہر نکل رہے ہیں، میرے خیال میں اس میں Reforms کی ضرورت ہے، اس

میں اور بہتری کی ضرورت ہے، اس لئے مجھے خیال نہیں کہ اس کو ضمنی بجٹ کی بھی ضرورت ہے، اس طرف دیکھنا چاہیئے کہ کیوں ہم اس طرف جو Reforms ہیں، ہماری مینجمنٹ میں کیوں کمزوری ہے؟ اگر 12 نمبر دیکھیں، جناب سپیکر صاحب، میں آپ کی توجہ چاہتا ہوں، محکمہ آبپاشی کو آپ اضافی رقم 56 کروڑ 80 لاکھ سے زیادہ دے رہے ہیں، اس کی کوئی تفصیل نہیں ہے کہ یہ کس لئے دے رہے ہیں؟ بس اس کو لکھا گیا ہے کہ اس کو دے رہے ہیں، متفرق میں دیکھ رہی ہوں کہ اس میں تقریباً 86 کروڑ دے رہے ہیں، کس لئے دے رہے ہیں؟ کچھ پتہ نہیں ہے، مطلب یہ اسمبلی ایک ربڑ سٹمپ ہے، بس آپ سٹمپ لگا لو، کچھ پتہ نہیں کہ کس لئے ہم نے خرچ کئے ہیں، کونسے اللوں تللوں پر خرچ کئے ہیں؟ کچھ پتہ نہیں، بس آپ نے سٹمپ لگانی ہے۔ تعمیرات پر اضافی رقم لی ہے، جناب سپیکر، چودہ نمبر پر ہے، کس لئے ہے؟ کچھ پتہ نہیں ہے، میرے خیال میں اگر ہم سے اس طرح ربڑ سٹمپ بنوانی ہے، ٹھیک ہے ہر حکومت میں ضمنی بجٹ آتے ہیں، کوئی نئی بات نہیں ہے، یہاں پر ہمیں یہی جواب ملے گا لیکن یہ تاریخ کا سب سے بڑا ضمنی بجٹ ہے، میرے خیال میں ہم نے تو نئے پاکستان کا خواب دیکھا تھا، ہم نے تو کہا کہ یہ بڑے مینجمنٹ والے لوگ ہیں، ان کے ہاں ضمنی بجٹ ختم ہو گا۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Thank you.

محترمہ نعیمہ کشور خان: ہم یہ Expect کرینگے کہ ان کی اچھی مینجمنٹ ہو گی، اچھی ان کی تیاری ہو گی تاکہ ضمنی بجٹ سے ہماری جان چھوٹ جائے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: تھینک یو، پہلی سپیچ ہے، ابھی تک سپیچز ضمنی بجٹ تک تھیں، انہوں نے تجاویز دی ہیں، Windup کر لیں۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: جناب سپیکر! ہم توقع رکھیں گے کہ اس ہاؤس سے ایسی چیزوں پر انگوٹھے نہیں لگوائیں گے جس کا ان کو پتہ نہیں ہو گا۔ تھینک یو۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ حافظ عصام الدین صاحب نہیں ہے، سید اقبال میاں صاحب، محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ، Short short کرتے جائیں تاکہ سب کو ٹائم مل سکے۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: جی Short ہے۔ شکریہ، جناب سپیکر۔ اچھا فنانس بجٹ ہم اسے کہہ سکتے ہیں جس میں ضمنی بجٹ لانے کی ضرورت نہ پڑے، ٹھیک ہے، آرٹیکل 124 میں یہ Provision ضرور موجود ہے لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ ہر سال ضمنی بجٹ آتا ہے، پچھلے سال کا ضمنی بجٹ 20-2019 کا اگر ہم دیکھیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی، آپ بات کریں۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: 20-2019 کا اگر ضمنی بجٹ ہم دیکھیں تو 29 ارب 42 کروڑ 57 ہزار 120 روپے کا تھا، اس سال کا ضمنی بجٹ 109 ارب 11 کروڑ 83 لاکھ تین ہزار 141 روپے کا ضمنی بجٹ ہے جو کہ کافی زیادہ اماؤنٹ کا بجٹ ہے، یہ اگر ہم ہر سال اس طرح ضمنی بجٹ منظور کراتے رہیں گے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: .Order in the House, please عبدالسلام صاحب! اپنی سیٹ پر جائیں، دیکھیں چھ سیٹوں سے دور آپ کامران سے بات کر رہے ہیں، بات جو کرنی ہے تو قریب جا کر بیٹھ کر کان میں آدمی بات کرتا ہے، ہاؤس کے اندر یا لابی میں آدمی چلا جاتا ہے۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: ہر سال اگر ہم اسی طرح ضمنی بجٹ پاس کرتے رہیں گے، ضمنی بجٹ اگر کبھی کبھار ہو، مخصوص حالات کی وجہ سے ہو تو پھر ٹھیک ہے لیکن اربوں کے حساب ہم ضمنی بجٹ دیتے رہیں گے، اگر اس میں دیکھا جائے، اس سال انہوں نے محکمہ خوراک کے لئے 09 ارب 84 لاکھ پانچ ہزار روپے دیئے ہیں جس میں گندم کی درآمدات ہیں، اس پر Subsidy ہے، ہمارا ملک جو Agricultural land ہے، ہم اتنے اربوں روپے اگر درآمدات پر خرچ کرتے ہیں تو یہی رقم ہم یہاں پر اپنے ملک کی Production پر لگائیں، خود کو خود کفیل کریں بلکہ ہمیں درآمدات کی ضرورت نہ ہو، ہم برآمد کرنے کے لائق ہوں۔ اسی طرح اگر پولیس میں دیکھیں تو چھ ارب 09 کروڑ 62 لاکھ آٹھ ہزار روپے کا ضمنی بجٹ اس سال کا ہے، پچھلے سال 20-2019 کا 02 ارب 34 کروڑ 31 لاکھ 32 ہزار تھا جو پچھلے ضمنی بجٹ میں سب سے زیادہ بجٹ تھا، پولیس کے لئے رکھا گیا تھا، اس سال بھی دوسرے نمبر پر پولیس کا ہے، سالانہ بجٹ میں اگر ان کی Demand for grant اس سال کے لئے اگر دیکھیں تو 60 ارب 24 کروڑ 71 لاکھ 20 ہزار روپے ہے، اس کے باوجود بھی ان کو پھر ضمنی بجٹ کی ضرورت پڑتی ہے، یہ اربوں روپے کی منظوری ہاؤس سے لینا، میرے خیال میں یہ صحیح بات نہیں ہے، ہم اپنی چادر کو دیکھ کر اگر پیر پھیلائیں تو اچھی بات ہے، ہر سال اگر اسی طرح اربوں کھربوں کے ہم ضمنی بجٹ لائیں گے تو یہ کونسا طریقہ ہے؟۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی، آپ کی بات Complete ہو گئی؟

محترمہ ریحانہ اسماعیل: جناب سپیکر صاحب! ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: Thank you very much محترمہ زینت بی بی صاحبہ، میں نمبر پر چل رہا ہوں، یہ سات نمبر آپ کا ہے۔ محترمہ زینت بی بی۔

محترمہ زینت بی بی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ میں بجٹ پر ہی بات کرونگی، ہمیں موقع نہیں دیا گیا تھا، اس سے پہلے سات آٹھ دن سے میں نے انتظار کیا ہوا ہے، ہم بھی اپنے علاقے کی بات کرنا چاہتے ہیں۔ وہاں پر جو حکومت کی طرف سے اچھے اقدامات کئے گئے ہیں ہم ان کو بھی سراہنا چاہتے ہیں مگر میں سب سے پہلے جو ہمارا بجٹ پیش ہوا، اپنی حکومت کو اور اپنے ہاؤس کے تمام ممبران کو مبارکباد دینا چاہتی ہوں، اپوزیشن کا شکریہ بھی ادا کرنا چاہتی ہوں جنہوں نے پختون روایات کو اور اپنے پارلیمانی اقدار کو مدنظر رکھتے ہوئے بڑے تحمل سے یہ بجٹ سنا ہے۔ جناب سپیکر! سب سے پہلے میرے صوابی میں میرے علاقے میں باچا خان میڈیکل کمپلیکس کو جو ایم ٹی آئی کا درجہ دیا گیا ہے، اسے ہمارے علاقے میں جو صحت کی سہولیات ہیں، ان شاء اللہ اس میں کافی حد تک لوگوں کو ریلیف ملے گا، اس لئے کہ ہمارے لوگوں کو پشاور اور مردان جانا پڑتا تھا، صحت کی سہولیات وہاں پر نہیں ہوتی تھیں۔ اس طرح جو وویمن اینڈ چلڈرن ہسپتال جو ہے۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Order in the House, please.

محترمہ زینت بی بی: وویمن اینڈ چلڈرن ہسپتال جو ہے، یہ بھی ہماری حکومت کا بہت بڑا اقدام ہے کیونکہ ہمیں پرائیویٹ جتنی بھی کلینکس ہوتی تھیں ان میں ہماری بہنوں کو پھر جانا پڑتا تھا، اس لئے کہ ان کو وہ سہولیات اپنے ضلع میں میسر نہیں تھیں۔ اس کے ساتھ ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب نے صحت کارڈ پلس میں یہ جگر کی پیوند کاری کا جو آئٹم رکھا ہے، اس سے بھی ہمارے لوگوں کو بہت زیادہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میڈم! ضمنی بجٹ پر بات ہو رہی ہے، آپ جنرل بجٹ پر شروع ہو گئی ہیں، آپ تشریف رکھیں۔ جی، نگہت اورکزئی صاحبہ۔

محترمہ زینت بی بی: جناب سپیکر صاحب! مجھے موقع دیں اس لئے کہ میں نے اپنے علاقے کے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ابھی بجٹ گزر گیا، اس بات کی کوئی اہمیت ہی نہیں رہی، منسٹر جواب دیں گئے، چیف منسٹر جواب دے گئے، آپ پھر بجٹ کے اوپر بات کر رہی ہے، ضمنی بجٹ ہے، آج اس پر بات کریں۔ جی، نگہت اورکزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: بہت شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ سب سے پہلے میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف بھی مبذول کرانا چاہونگی، (قطع کلامیاں) خوشدل خان صاحب، ہم

آپ کی تقریر بڑے غور سے سنتے ہیں، کنڈی صاحب، مہربانی کریں۔ جناب سپیکر صاحب! سب سے پہلے میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کروانا چاہونگی، وہ یہ ہے کہ یہ ہاؤس صوبے کی ایک کریم ہے، جب سی ایم صاحب یہاں پر چیف ایگزیکٹیو بیٹھا ہوتا ہے، اس کا مطلب ہے کہ پورا صوبہ یہاں پر بیٹھا ہوتا ہے، چاہے اپوزیشن ہے چاہے گورنمنٹ ہے لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ آئی جی صاحب گیلری میں نہیں تھے، بجٹ کے دن بھی، چیف سیکرٹری صاحب اپنی Lobbying میں لگے ہوئے ہیں کہ وہ وہاں پر پرنسپل سیکرٹری بن جائیں۔ سر، آپ مجھے روکیں گے نہیں۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> Irrelevant بات نہ کریں، ضمنی بجٹ پر آئیں۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> یہ Irrelevant نہیں ہے، بہت Relevant بات ہے، بجٹ کے دنوں ان کو یہاں پر موجود ہونا چاہیئے تھا، جب چیف ایگزیکٹیو صاحب تقریر کر رہے تھے ان کو موجود ہونا چاہیئے تھا، یہ کیا بات ہے کہ انہوں نے ہماری اسمبلی کی بے توقیری کر دی ہے؟ میں بجٹ کی طرف آتی ہوں، میں آپ کی توجہ ایک اہم نکتہ کی طرف مبذول کروانا چاہونگی لیکن آپ لوگوں کی جو کمی ہے، وہ اس کو بھگتیں گے، پھر ہم سب لوگ بعد میں، بہر حال یہ ضمنی بجٹ جو انہوں نے ہم سے مانگا ہے، اس میں خوراک سب سے پہلے نمبر پر آتا ہے، جب خوراک کی بات آتی ہے، گندم کی بات آتی ہے جبکہ ہمارا تو زرعی ملک ہے، ہم کیسے یہ بات کر سکتے ہیں کہ خوراک کے لئے ہمیں Extra پیسوں کی ضرورت ہے، کیا زرعی ملک جو ہے، اس کی ایک Capacity ہے، اپنے لوگوں کے لئے وہ پوری نہیں کر سکتا؟ اگر وہ نہیں کر سکتا تو یہاں پر منسٹر ایگریکلچر بیٹھے ہوئے ہیں، میں ان کو بتادوں کہ مہربانی کریں تمام ہاؤسنگ سکیموں کو اجازت نہ دیں، اس ملک کو زرعی ملک ہی رہنے دیں۔ دوسرا جناب سپیکر صاحب، پولیس کی بات آتی ہے، پولیس نے پانچ ارب 09 کروڑ 62 لاکھ آٹھ ہزار روپے Extra مانگے ہیں، مجھے یہ بتائیں، کیا پنجاب کی طرح ان کی تنخواہ زیادہ ہو گئی ہے یا Forensic lab بن گئی ہے یا ان کے راشن میں اضافہ ہو گیا ہے یا ان کو کوئی اور Facilities مل گئی ہیں؟ پولیس کی مد میں انہوں نے اتنے زیادہ پیسے مانگے ہیں، میں آپ کو بتاؤں کہ پچھلے چھ مہینوں سے چھ سو کیسز جو ہیں وہ پچھلے سالوں کے مقابلے میں زیادہ ہوئے ہیں، Street crimes بڑھ گئے ہیں۔ اس کے علاوہ بارہ ہزار مفرور دندناتے ہوئے پھر رہے ہیں جو کہ بہت اہم کیسز میں وہ مطلوب ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، یہ اس لئے نہیں ہے کہ ہماری پولیس جو ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: پختون یار صاحب! اپنی سیٹ پر جائیں، اس کے بعد آپ کا نمبر ہے سپیچ کا، نگہت بی بی کے بعد آپ کا نمبر ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! یہ اس لئے نہیں ہے کہ ہماری پولیس وہ کوئی کام کرنے والی پولیس نہیں ہے، یہ اس وجہ سے ہے کہ جب ان کو راشن پانی، جو لوگ ائر کنڈیشنرز میں بیٹھے ہوتے ہیں، ان کو ان غریب پولیس والوں کا احساس نہیں ہوتا ہے جو باہر دھوپ میں کھڑے ہوتے ہیں، پورا دن ان کو اکیس روپے راشن کے لئے الاؤنس ملتا ہے جس میں اگر آپ دیکھیں تو سات روپے میں اگر آپ ایک پانی کا بوتل لیں، منرل واٹر وہ پندرہ روپے کی ہے، اگر آپ ایک دال کی پلیٹ لیں تو وہ تیس روپے کی ہے۔ جناب سپیکر صاحب! اس میں میرا خیال ہے، اکبر ایوب صاحب! ہماری بات کرنے کی ضرورت کیا ہے کیونکہ آپ سی ایم صاحب کے تمام ڈیپارٹمنٹس کو Deal کرتے ہیں اور وہ سی ایم کے ساتھ ہیں، میں نے یہ ریکویسٹ کی تھی، پچھلے آئی جی نے اس کو تین ہزار روپے کیا تھا لیکن تین ہزار بھی انہوں نے سفارش کی تھی، تین ہزار روپے بھی کافی نہیں ہے، Forensic Lab کوئی نہیں ہے، پولیس کی تنخواہیں پنجاب کے برابر نہیں ہیں۔ اس کے علاوہ ان کو کوئی Facility نہیں دی گئی ہے، ہم سے پانچ ارب 09 کروڑ 52 لاکھ 08 ہزار روپے کیوں مانگ رہے ہیں؟ چھ سو سے زیادہ مقدمے وہ پچھلے پانچ مہینوں سے Untraceable ہیں۔ اس کے علاوہ بارہ ہزار مفرور دندناتے پھر رہے ہیں، Land grabbing زیادہ ہو گئی ہے، کسی کی زمین پر آواز کر دینا اور پھر اس پر کسی اور کی بدمعاشی کرنا کہ یہ زمین کوئی نہیں خریدے گا، جس میں لینڈ مافیا بہت زیادہ سرگرم ہے، اس میں سب کچھ ہے لیکن میں ان پولیس والوں کے لئے بات کر رہی ہوں، یہ جو بیٹھے ہوئے ہیں، پولیس والے ائر کنڈیشن کمروں میں اور وہ ان کے لئے بات نہیں کر رہے ہوں، میں ان لوگوں کے لئے بات کر رہی ہوں جو دھوپ میں اور سڑکوں پر بیٹھے ہوتے ہیں، ان کے لئے نہ پانی ہوتا ہے، نہ راشن ہوتا ہے، نہ کچھ اور ہوتا ہے، یہ تو اس بات پر آ گیا کہ انہوں نے ہم سے کیوں مانگے، ہمیں کوئی بتایا نہیں کہ یہ کیا کرنے جا رہے ہیں؟ پھر میں آتی ہوں جناب سپیکر صاحب، میں باقی پر بات نہیں کرونگی، میں محکمہ زراعت پر بات کرونگی۔ انہوں نے بھی ایک ارب 15 کروڑ 06 لاکھ روپے مانگے ہیں، جناب سپیکر صاحب، جب زراعت کوئی کام نہیں کر رہا ہے، زراعت میں انہوں نے کس مد میں پیسے مانگے ہیں؟ یہ بھی ہمیں پتہ نہیں ہے، جب ہمیں پاکستان کو یہ کہا جاتا ہے کہ یہ گندم کے معاملے میں خود کفیل ہے، زرعی ملک ہے تو پھر انہوں نے یہ پیسے کس لئے مانگے ہیں؟ دوسرا، اعلیٰ تعلیم کے بارے میں انہوں نے ہم

